






(۱۷) خلاصة الاعمال صدر





بسم الله الرحمن الرحيم

الحمد لله رب العالمين والصلوة والسلام علی سيد المرسلين محمد
واهل بيته الطاهرين ليكن بعد حمد و صلوة کی کہتا ہی بندہ گنہگار محتاج شفاعت
ائمۂ اطہار سید عبد الله ابن العلامة الاوحد جناب سید محمد دام اقباله کہ مخفی نہ ہی
کہ یہ بندۂ خاطی عہد کرامت مہد عالیجاہ کیوان بارگاہ سریر آرای سلطنت
و جہانبانی زیب و زین اریکۂ خسروی و کامرانی ملائک حشم انجم خدم سکندر حشمت
جمشید عظمت رعیت پرور عدالت گستر معتقد خاص ائمۂ اطہار بادشاہ فلک اقتدار
دریای جود و سخا بحر ذخار فیوض و عطا السلطان ابن السلطان والخاقان

ابن الخاقان ابو المظفر مصلح الدین ثریا جاہ سلطان عادل خاقان

[illegible] علی شاہ بادشاہ غازی خلد اللہ ملکہ و سلطانہ و افاض

علی العالمین برہ و احسانہ مین ایکدن بیچ خدمت سراپا برکت جناب

[illegible] آیت سید المتکلمین سند المتفقہین راس العلماء العظام

تاج الکملاء الکرام قدوۃ الفضلاء الفخام رکن الایمان والاسلام

زبدۃ المصطفین خیر المجتبین السید حسین لازالت ظلال افاداتہ

علی رؤس المؤمنین مادامت السموات حول الارضین کی حاضر تہا

کہ جناب معظم نی ارشاد کیا مجہسی واسطی جمع کرنی چند مسائل اعتقادات ضروریہ

و عبادات اور ادعیہ کی زبان اردو مین کہ ایک صاحب کی فرمایش ہے

اور وہ گل سر سبد گلستان مجد و اقبال نو رحدیقہ حشمت و اجلال دوستدار

ائمہ ہدی جان نثار اہلبیت رسول خدا صلوات اللہ علیہم اجمعین منبع جود

و احسان خان عالیشان محمد تحسین علیخان ہین پس اس احقر العباد نی حسب ارشاد

[illegible] الانقیاد جناب عم معظم دام ظلہ کی اس چند اوراق کو بعجلت تمام لکہا

اور مرتب کیا اوپر مقدمہ اور دو مقصد اور خاتمہ کی اور نام رکہا اسکا

خلاصۃ الاعمال اور بعد اتمام کی یہ رسالہ تمام و کمال نظر انور سی جناب ممدوح کے

کذرا امیدوار ہون بارگاہ مجیب الدعوات سی کہ اس رسالہ سی تمتع کری سب
مومنون کو اور مقبول طبع خان عالیشان ہو اور اب بیان کرتا ہون طالب کو
وَهُوَ حَسْبِي وَنِعْمَ الْوَكِيلُ مقدمہ بیچ بیان اصول دین کی اور وہ
پانچ ہین اوّل توحید اور معنی اوسکی یہ ہین کہ خدا یعنی پیدا کرنی والا تمام جہان کا
ایک ہی ہمیشہ سی اور ہمیشہ رہیگا نیستی اور فنا ہرگز اوسپر روا نہین ہی اور
اوسکا کوئی شریک اور مثل نہین اور سب چیزون پر قادر اور توانا ہی اور کوئی
چیز اوسکی قبضہ قدرت اور طاقت اوسکی سی باہر نہین جس چیز کو چاہتا ہی پیدا
کرتا ہی اور جس چیز کو چاہتا ہی نہین خلق کرتا اور سب چیزونکا عالم ہی کوئی چیز
چھوٹی اور بڑی اور ظاہر اور مخفی اوسی چھپی نہین ہی دلیل ان باتونکی مخلوقات
اور پیدا کی ہوی اوسکی ہین کہ انواع اور اقسام کی باریکیان اور کاریگری
شامل ہین اسطرحکی چیزین اور اس حکمت اور صنعت کی اثر نہین ہو سکا مگر اوس
خالق بی مثل سی کہ دانا اور توانا اور حکیم اور عالم ہو اور سب عیب نقصانو نسبی
پاک ہو اگر آدمی اپنی ابتدای پیدایش سی انتہا تک لحاظ کری اور اپنی حالاتمین
غور کری تو یہ سب باتین اوسپر ظاہر ہو جائین ایک اعرابی سی لوگون نی پوچھا
کہ تو نی خدا کو کسطرحسی پہچانا اوسنی کہا کہ لوگ نشان قدم سی چلتی ہین اور چلنی والیکو

پہچانی ہین اور مینگنیونسی پہچان لیتی ہین کہ یہان اونٹ آیا تہا توجسکی نشانیونسی
مثل آسمان اور زمین کی نشانی موجود ہو کسطرح اوسکو نہ پہچانینگی اور اوسکی
حکمت اور قدرت کیطرف پی نہ لیجاینگی اور عقل سی اور فرمانی پیغمبر اور امام سے
معلوم ہوا کہ جسم خدا کی لئی نہین ہی اور کسی جہت اور کسی مکان مین نہین ہی اور
وہ کسیطرح سی قابل دیکہنی کی نہین نہ دنیا مین اوسکو کوئی دیکہہ سکتا ہی نہ آخرت
مین اور دیکہنا خدا کا سنیونکی پیرونکی بنائی بات ہی ذات اوسکی بڑی ہی عقلین
ناقص ہین ہماری اوسکی ذات کو پہچان سکتی ہین نہ آنکہین دیکہہ سکتی ہین دوسرے
عدل یعنی خدا عادل ہی ظلم نہین کرتا اچہی باتونکو اختیار کرتا ہی اور بری
باتونسی باز رہتا ہی اور جو بری کام کری اوسی بیزار ہوتا ہی اور کس طور سی
بری بات اوسی ہو سکی کہ سب چیزونکی بہلائی اور برائی جانتا ہی اور کوئی چیز
اوسی چہپی نہین کہ وہ ہو کی مین بری کام کو جہالت سی کر جاوی اور نہ غرض
اور مطلب اوسکی بری بات پر موقوف ہی کہ ناچاری سی بری بات کری
اس لئی کہ سب چیزون پر قادر ہی اور اوسکا مطلب بری بات پر موقوف نہین
ہی نہین تو عاجز کہلاوی تیسرے نبوت یعنی جن لوگونکو خدانی اپنی طرف سے
خلق کی ہدایت اور راہ حق بتانی کی لئی بہیجا ہی اور معجزی اور نشانیان انکی

برحق ہونیکی اونکی ہاتونپر ظاہر کی ہین سب برحق ہین حضرت آدم سی لی کر
ہماری پیغمبر تک سب نبی اور پیغمبر برحق ہین اور گناہونسی پاک اور معصوم ہین
اگر بُری کام اونسی ہونوین تو اونکی کہنی کا اعتبار نرہی اور ہماری پیغمبر پہلی
پیغمبر اور بہتر سب پیغمبرونسی ہین اور بعد اونکی کوئی پیغمبر نہو کا نام اونکا محمد
اور لقب مصطفیٰ اور کنیت ابو القاسم ہی اور باپ اونکی عبد اللہ اور دادا
عبد المطلب بیٹی ہاشم کی اور ما اونکی آمنہ ہین اور معجزی اونکی بہت سی ہین
کہ کتابین اونسی بہرین ہین اور زبانونپر مشہور ہین اس قدر کثرت سی کونی
نقل کیا ہی کہ جہوٹ اور بناوٹ کا شبہہ اوسمین نہین ہوسکتا و قرآن
کہ بڑا معجزہ اون حضرت کا ہی اور احکام الہی اوسمین ہین برحق ہی خدا نے
اون پر نازل کیا ہی **چوتھی امامت** بارہون امام نائب پیغمبر کی برحق ہین
سب گناہونسی پاک ہین پہلی امام حضرت علی ابن ابیطالب علیہ السلام
کہ بلا فاصلہ خلیفہ اور نائب اونکی ہین اور بعد اونکی بیٹی اونکی حضرت امام
حسن علیہ السلام نواسی پیغمبر خدا کی اور بعد اونکی چہوٹی بہائی اونکی حضرت
امام حسین علیہ السلام اور بعد اونکی بیٹی اونکی کہ علی نام اونکا سید و
زین العابدین لقب اونکا تہا اور بعد اونکی بیٹی اونکی امام محمد باقر علیہ السلام

اور بعد انکی بیٹے اونکی حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام اور بعد
اونکی بیٹے اونکی حضرت امام موسی کاظم علیہ السلام اور بعد اونکی بیٹے اونکے
حضرت امام علی رضا علیہ السلام اور بعد اونکی بیٹے اونکی حضرت امام محمد تقی
علیہ السلام اور بعد اونکی بیٹے اونکی حضرت امام علی نقی علیہ السلام اور بعد
اونکی بیٹے اونکی حضرت امام حسن عسکری علیہ السلام اور بعد اونکی بیٹے اونکے
حضرت صاحب الزمان امام مہدی علیہ السلام کہ اپنی باپ کی جگہ پر
ہادی اور رہنمای خلق ہین اور دشمنونکی خوف سی بحکم خدا غائب ہوئی
ہین خدا اونکو مدتون تک زندہ رکہیگا اور آخر زمانی مین جب سارا جہان
برائیوں سی بہر جائیگا حکم الہی سی ظاہر ہونگی ساری جہان کو ایمان اور حق کے
باتونسی بہر دینگی اور سنی بارہون امام کو نہین مانتی ہین اور پیغمبرون پر
گناہ اور خطا جائز رکہتی ہین بلکہ خدا کو بہی عادل نہین سمجہتی نیک اور بد کو
اونکی طرف نسبت کرتی ہین اور ایسی اعتقاد کی برائی کسی عقلمند پر چہپی نہین ہے
ین معاد یعنی قیامت برحق ہی ایک دن ایسا ہوگا کہ سب
ونکو خدا جلاویگا اور حساب و کتاب اور عمل بہلی بری سب انسی
پوچہی گا اچہونکی لئی بہشتین اور بڑی بڑی نعمتین ملین کی اور برونکی واسطے

بڑی بڑی آفتین ہین اور عذاب جہنم کا ہوگا **مقصد پہلا** بیچ بیان
عبادات کی ہی اور اوسمین نو باب ہین **باب پہلا** بیچ بیان مسائل
طہارت کی ہی مخفی نرہی کہ نجاسات دس ہین پہلی بول دوسری براز مگر
اس شرط سی کہ یہ دونو اوس حیوان سی ہووین کہ گوشت کہانا اوسکا
حرام ہو مانند آدمی کی یا غیر اوسکی کہ خون جہندہ رکہتا ہو تیسری خون حیوانکا
کہ خون جہندہ رکہتا ہو خواہ گوشت اوسکا کہاوین خواہ نکہاوین لیکن جو خون
کہ کم درہم بغلی سی ہووی یعنی برابر ایک پور انگوٹہی کی نماز مین معاف ہے
ہرچند کہ نجس ہی اور اسی طور سی معاف ہی خون جراحت کا اور دنبل کا
جب تک کہ منقطع نہووی چوتہی منی ہر حیوان کی کہ خون جہندہ رکہتا ہو پانچوین
مردہ اوس حیوان کا کہ جو خون جہندہ رکہتا ہووی چہٹی مائع مسکر یعنی جو چیزین
کہ عقل کو زائل اور مست کرتی ہین اور نشا اوینین وقت روانی اور سیلان کے
پیدا ہوا ہو مانند شراب کی نہ بہنگ کہ پتی اوسکی روانی نہین رکہتی ہین اور وہ
بہی نشا کرتی ہین پس بہنگ اگرچہ حرام ہی لیکن نجس نہین ہی ساتوین
آب انگور اگر جوش دیا جائی اور اوسمین اختلاف ہی درمیان علمائی اور
حرمت اوسکی اتفاقی ہی قبل اسکی کہ دو ثلث اوسکی جل جائین یا یہ کہ سرکہ ہوجا

ہوین

آٹھوین سور نوین کتا دسوین کافر خواہ ذمی ہو مثل یہود کی خواہ حربی ہو
مثل ہنود کی اور مطہرات یعنی پاک کرنی والی چیزین نجس کی دس ہین پہلی پانی ہے
کہ پاک ہی اور پاک کرنی والا ہی اور پانی اوپر کئی قسم کی ہی پہلی آب مطلق
اور آب مطلق وہ پانی ہی کہ نام پانی کا اوسی پر طرف نکر سکین اور اوسی
بی قید کی پانی کہہ سکین دوسری آب مضاف اور آب مضاف وہ پانی ہے
کہ بی قید کی پانی نکہہ سکین مانند آب انگور اور آب انار کی تیسری آب روان
اور آب روان وہ پانی ہی کہ جو زمین سی باہر آوی اور اوسکو عرف مین
چاہ یعنی کوان نکہین خواہ جاری ہو خواہ نہو چوتھی آب چاہ اور آب چاہ وہ
پانی ہی کہ زمین سی باہر آوی اور اسکو عرف مین چاہ کہین پوشیدہ نرہی کہ پانی
چاہ کا فقط ملاقات نجاست سی نجس نہین ہوتا بدون بدل جانی بو یا رنگ
یا مزی کی نزدیک متاخرین علما کی پانچوین آب ایستادہ ہی اور مراد اوسی
اصطلاح فقہا مین وہ پانی ہی کہ منبع اور چشمہ نرکہتا ہو ہر چند زمین پر روان
اور جاری ہو مانند رہٹ اور آب برف کی کہ وہ پانی فقط ملاقات
نجاست سی نجس نہین ہوتا ہی اگر کر ہو جب تک کہ اسکی صفات مین نجاست سی
تغیر نہو اور کر بنا بر مذہب مشہور کی بیالیس بالشت اور سات ثمن ہی اور

ترکیب تطہیر اوسکی یہ ہی کہ ایک کر یا زیادہ ایک بارگی اوسمین ملائین کہ تغیر
اوسکا برطرف ہوجائی چہٹی آب باران ہی اور وہ وقت نازل ہونی
آسمان سی حکم جاری کا رکہتا ہی یعنی بمجرد ملاقات نجاست کی نجس نہین ہوتا ہے
اور جاری ہونا زمین پر اسمین شرط ہی اور بعضی علما ہماری قائل کافی ہونی
تقاطر کی ہی ہین ساتوین آب حمام ہی اور حکم اوسکا جسوقت کہ پانی مادہ سی
کہ کر ہو چہوٹی حوضوںمین آتا ہو حکم جاری کا ہی دوسری زمین ہی کہ زیر کفش
اور موزی کی تہین اور مانند اوسکی پاک کرتی ہی لیکن جب کہ عین نجاست
زائل ہو تیسری آفتاب ہی اور وہ پاک کرتا ہی بوریا اور اون چیزان کو
کہ اوٹہا نا اونکا نہوسکی مانند دیوار او زمین کی بشرط اسکی کہ یہ چیزین تر ہووین
اور جرم نجاست کا نہووی چوتہی آتش ہی اور وہ پاک کرتی ہی جسوقت
کہ راکہہ کر دی پانچوین استحالہ ہی یعنی تغیر صورت ہوجاوی اور نام اوس چیز کا
بدل جاوی مانند کتی کی کہ نمک زار مین پڑی اور نمک ہوجاوی چہٹی انتقال
ہی جیسا کہ خون آدمی کا جب مچہر اور کہٹمل کے پیٹ مین جاوی پاک ہوجاتا ہی
ساتوین انقلاب ہی مانند اسکی کہ شراب سرکہ ہوجاوی آٹہوین نقصان ہی
مانند اسکی کہ دو ثلث آب انگور مین سی کم ہوجاوین یعنی پکانی سی نوین اسلام ہے

دسوین زوال عین کا بواطن سی مانند باطن کان اور ناک اور منہہ کی کہ
جب نجاست ان چیزونکی اندر سی دور ہوجاوی تو آپ سی آپ پاک ہوجاتی ہین
باب دوسرا بیچ بیان احکام وضو کی ہی اور اوسمین تین فصلین ہین فصل پہلی
بیچ بیان موجبات وضو کی ہی اور وہ پانچ ہین پہلی بول دوسری غائط تیسری
باد جبکہ یہ تینون موضع طبعی سی باہر آوین اور بیچ موضع غیر معتاد کی اختلاف
کثیر ہی چوتھی خواب ہی یعنی سونا اسطرحسی کہ گوش اور چشم پر غلبہ کری کہ دیکھنی
اور سنتی سی باز رکھی اور جو چیزین کہ عقل کی تئین زائل کرتی ہین مانند مستی نشی کی
اور بیہوشی اور دیوانگی کی پانچوین استحاضۂ قلیلہ ہی اور احکام اوسکی انشاءالله تعالے
باب اغسال مین بیان ہونگے فصل دوسری بیچ بیان احوال بیت الخلا
جانیکی ہی واجب ہی کہ عورتین اپنی کو نامحرم سی چھپاوی اور حرام ہی قبلہ کیطرف
رو اور پشت کرنا بیچ حالت بول اور غائط کی بلکہ وقت استنجا کرنی کی
بھی حرام ہی اور اگر براز مخرج سی تعدی نکری اختیار ہی کہ چاہی پانی سی استنجاء
غائط کری یا چاہی سنگ یا کلوخ یا لتی سی اور اگر مخرج سی متعدی ہوجاوی
یعنی پھیل جاوی تو اوسوقت واجب ہی کہ پانی سی پاک کری اور حرام ہی
استنجا اشیاء متبرکہ اور محترمہ سی مانند خاک پاک کی اور روٹی کی اور اوس کاغذ سی

کہ جسمین قرآن مجید یا اسمار انبیار اور ائمہ علیہم السلام لکہی ہودین بلکہ اگر اوزر وییے
استخفاف کی کری کافر ہوجائیگا اور سنّت ہی کہ وقت داخل ہونی کے
بسم اللہ کہی اور یہ دعا پڑہی بِسْمِ اللّٰهِ وَبِاللّٰهِ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْخَبِيْثِ
الْمُخْبِثِ الرِّجْسِ النَّجِسِ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ اور مستحب ہی کہ وقت داخل ہونیکے
بای چپ کو مقدم کری بنا بر مشہور کی اور جب کہ درست بیٹہی یہ دعا پڑہی
اَللّٰهُمَّ اَذْهِبْ عَنِّیَ الْقَذٰی وَالْاَذٰی وَاجْعَلْنِیْ مِنَ الْمُتَطَهِّرِيْنَ اور جب
نظر اوسکی پانی پر پڑی یہ دعا پڑہی اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ جَعَلَ الْمَآءَ طَهُوْرًا وَ
لَمْ يَجْعَلْهُ نَجِسًا اور جب نظر اوسکی براز پر پڑی تو یہ دعا پڑہی اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنِیَ
الْحَلَالَ وَجَنِّبْنِیَ الْحَرَامَ فصل تیسرے بیچ بیان واجبات وضو کی اور وہ
بارہ چیزین ہین پہلی نیّت ہی وقت دہونی مونہہ کی اسطرحسی کہ دل مین
خیال کری کہ وضو کرتا ہون واسطی مباح ہونی نماز کی اور واسطی رفع حدث کی
واجب قُرْبَةً اِلَی اللّٰهِ اور واجب کا قصد کرنا اوسوقت ہی کہ بعد داخل
ہونی وقت کی نماز واجب کی لئی وضو کرتا ہو والا سنّت کی نیّت کری
اور قربت کے نیّت ہر وقت کافی ہی دوسرے دہونا منہہ کا جگہہ اوگنی بالو نسے
ٹہوڑی تک طول مین اور جسقدر کہ انگوٹہا اور بیچ کی اونگلی بہر لی عرض مین

تیسرے دہونا ہاتہہ کا کہنی سی سر اونگلیون تک چوتھے مسح سر کا واجب ہے
کہ مسح کری آگی سر کی تین انسطرحسی کہ نام مسح کا ہوجائی اگرچہ ایک اونگلی سی ہو
اور بہتر ہی کہ تین اونگلیونسی مسح کری اوپر جلد کی یا اوپر بالونکی کہ مخصوص ہین
اوس جگہہ کی پانچوین مسح پاونکا سر اونگلیونسی کعبین تک اور تحقیق کعبین
مین اختلاف ہی چنانچہ مشہور میان علما کی یہ ہی کہ کعب برآمدگی پشت پا ہے
اور بعضی کہتی ہین کہ جوڑ پنڈلی اور قدم کا ہی چھٹے ترتیب ہی جسطرحسی کہ بیان ہوا
ساتوین موالات ہی یعنی فاصلہ بہت نکری وضوکی افعال مین کہ رطوبت
وضوکی خشک ہوجاوی آٹھوین واجب ہی کہ اعضای وضوکو جبتک
ہوسکی آپ دہووی نوین واجب ہی کہ پانی وضوکا پاک ہووی اور پاک
کرنی والا ہو دسوین واجب ہی کہ پہلی سی اعضای وضو پاک ہوین
گیارہوین واجب ہی کہ آب وضو مباح ہووی بارہوین واجب ہی
کہ مکان وضوکا مباح ہووی یعنی اپنی ملک سی ہو یا اگر کسی اورکا ہو تو اوسکی
اذن لی لیا ہو اور مستحبات اور مکروہات وضوکی زیادہ اسّی ہین کہ اس
رسالہ مین ذکر کئی جائین مگر تہوڑی اونمین سی بیان ہوتی ہین چنانچہ سنت ہے
مسواک کرنا واسطی ہر ایک نماز کی اور مستحب ہی ہاتہونکو بند دستسی دہونا اور یہ دعا پڑہنا

بِسمِ اللهِ وَبِاللهِ وَالحمدُ لِلّٰهِ الَّذِی جَعَلَ المَآءَ طَهُورًا وَلَم یَجعَلهُ نَجَسًا
اور بعد اوسکی کلّی کرے اور یہ دعا پڑہے اَللّٰهُمَّ لَقِّنِی حُجَّتِی یَومَ اَلقَاكَ وَ
اَطلِق لِسَانِی بِذِکرِكَ وَشُکرِكَ اور بعد اوسکے ناک مین پانی ڈالے اور یہ
دعا پڑہے اَللّٰهُمَّ لَا تُحَرِّم عَلَیَّ رِیحَ الجَنَّةِ وَاجعَلنِی مِمَّن یَشُمُّ رِیحَهَا
وَرَوحَهَا وَطِیبَهَا اور بعد اوسکے منہہ دہووے اور یہ دعا پڑہے اَللّٰهُمَّ
بَیِّض وَجهِی یَومَ تَسوَدُّ فِیهِ الوُجُوهُ وَلَا تُسَوِّد وَجهِی یَومَ تَبیَضُّ فِیهِ الوُجُوهُ
اور وقت دہونے ہاتہہ دہنے کی یہ دعا پڑہے اَللّٰهُمَّ اَعطِنِی کِتَابِی
بِیَمِینِی وَالخُلدَ فِی الجِنَانِ بِیَسَارِی وَحَاسِبنِی حِسَابًا یَسِیرًا اور وقت
دہونے ہاتہہ بائین کی یہ دعا پڑہے اَللّٰهُمَّ لَا تُعطِنِی کِتَابِی بِشِمَالِی
وَلَا مِن وَرَآءِ ظَهرِی وَلَا تَجعَلهَا مَغلُولَةً اِلٰی عُنُقِی وَاَعُوذُ بِكَ مِن
مُقَطَّعَاتِ النِّیرَانِ اور وقت مسح سر کی یہ دعا پڑہے اَللّٰهُمَّ غَشِّنِی
بِرَحمَتِكَ وَبَرَکَاتِكَ وَعَفوِكَ اور وقت مسح پا کی یہ دعا پڑہے
اَللّٰهُمَّ ثَبِّت قَدَمَیَّ عَلَی الصِّرَاطِ یَومَ تَزِلُّ فِیهِ الاَقدَامُ وَاجعَل سَعیِی
فِیمَا یُرضِیكَ عَنِّی یَا ذَا الجَلَالِ وَالاِکرَامِ اور بعد فراغت
کی یہ دعا پڑہے اَللّٰهُمَّ اِنِّی اَسأَلُكَ تَمَامَ الوُضُوءِ وَتَمَامَ الصَّلٰوةِ وَ

تمَامَ رِضْوَانِكَ وَالْجَنَّةَ اور مکروہات وضو سی خشک کرنا ہی آب وضو کا
رومال سے اور وضو کرنا اوس پانی سی کہ آفتاب سی گرم ہوا ہو باب
تیسرا بیچ بیان غسلونکی اور اوسمین پانچ فصلین ہین فصل پہلی بیچ بیان
غسل جنابت کی ہی مخفی نرہی کہ غسل جنابت واجب ہوتا ہی دو سبب سے
پہلی اونہین سی نکلنا منی کا ہی سوتی مین ہو یا جاگتی مین مرد ہو یا عورت ہو
اور دوسرا سبب جماع ہی فرج زن مین اگرچہ حشفہ داخل ہوا ور انزال
نہووی اور واجبات غسل ترتیبی کی گیارہ ہین پہلی نیت ہی وقت
دہونی سر و گردنکی اسطرح سی کہ دل مین خیال کری کہ غسل جنابت
کرتا ہون واسطی مباح ہونی نماز کی اور واسطی دور ہونی حدث جنابت
کی یعنی ناپاکی جنابت کی واجب واسطی خوشی حق سبحانہ و تعالی کے
اور قصد واجب کا بعد داخل ہونی وقت نماز کی درست ہی اور قبل اسکی
خلاف ہی احتیاط اسمین ہی کہ قصد قربت یعنی خوشنودی خدا پر اکتفا کری
اور دور ہونی جنابت کا خیال رکہی دوسرے دہونا سر و گردن کا
تیسرے دہونا دہنی جانب کا چوتھی دہونا بائین جانب کا پانچوین
ترتیب ہی جیسا کی ذکر ہوا چھٹی پہنچانا پانی کا اوس چیز مین کہ مانع ہو

مانند انگشتری کی ساتوین خود دہونا بدن کا جب تک کہ ہو سکے
اٹھوین پاک ہونا پانی کا نوین مباح ہونا پانی کا دسوین جاری
کرنا پانی کا تمام بدن پر گیارھوین مباح ہونا مکان کا اور اگر غسل ارتماسی
کری بعد نیّت کی غوطہ لگانا حوض مین کہ ایک مرتبہ سب جگہہ پانی پہنچ جائی
کفایت کرتا ہی اور مستحب ہی کہ وقت غسل کی یہ دعا پڑہی اَللّٰهُمَّ طَهِّرْ
قَلْبِی وَزَكِّ عَمَلِی وَتَقَبَّلْ سَعْیِی وَاجْعَلْ مَاعِنْدَكَ خَیْرًا لِّی اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِی
مِنَ التَّوَّابِیْنَ وَاجْعَلْنِی مِنَ الْمُتَطَهِّرِیْنَ اور مکروہ ہی غسل کرنا اوس پانی سے
کہ جو آفتاب سی گرم ہوا ہو حرام ہی جنب کو پڑہنا سورہای عزائم کا کہ
جنمین سجدہ واجب ہی اور وہ چار سورہ ہین پہلا الم سجدہ دوسرا
حم سجدہ اور تیسرا سورہ والنجم اور چوتہا سورہ اقرأ اور حرام ہی درنگ
بہی کرنا مسجد ونمین سوای مسجد نبیؐ اور مسجد حرام کی کہ داخل ہونا بہی
اوسمین حرام ہی **فصل دوسری** بیچ بیان غسل حیض کی اور وہ بیچ اغلب
اوقات کی سیاہ اور گرم ہوتا ہی اور سوزش سی آتا ہی اور اقل مدت
اوسکی تین دن ہی اور اکثر دس دن اور احکام اوسکی احکام جنابت کے
ہین اس بات مین کہ مسجد مین نہین ٹہر سکتی اور سورہ ہای سجدہ نہین

پڑہ سکتی

پڑہ سکتی اور مانند اسکی اور علاوہ اس پر یہ ہی کہ خاوند کی پاس نہین جا سکتی
کہ اوسکو مقاربت کرنا اوسی حالت حیض مین حرام ہی اور غسل اوسکا مثل غسل
جنابت کی ہی مگر نماز کی لئی حیض کی غسل مین وضو خواہ قبل خواہ بعد ضرور ہی
بخلاف غسل جنابت کی کہ اوسمین وضو درکار نہین ہی **فصل تیسری** بیچ بیان
غسل استحاضہ کی اور اوسکی تین قسمین ہین قلیلہ اور متوسطہ اور کثیرہ اور ترکیب
پہچاننی ہر ایک کی یہ ہی کہ عورت فرج مین اپنی روئی کو رکہے
اگر خون اوسکی ایک جانب کو بہر لی تو وہ قلیلہ ہی اور حکم اوسکا یہ ہی کہ ہر
نماز کی واسطی وضو کری اور روئی کو تبدیل کری اور تطہیر کری اور اگر تمام پنبہ کو
بہر لی اور جاری نہو وہ متوسطہ ہی اور حکم اوسکا یہ ہی کہ واسطی نماز صبح کے
غسل کری اور ہر نماز کی واسطی وضو کری اور تبدیل پنبہ اور خرقہ اور تطہیر کری
اور اگر پنبہ کو بہر لی او جاری ہو وہ کثیرہ ہی اور حکم اوسکا یہ ہی کہ نماز صبح کی
واسطی غسل کری اور ایک غسل کری واسطی نماز ظہر کی اور عصر کی اور ساتہہ پڑہ لے
دونو کو اور ایک غسل کری واسطی نماز مغرب اور عشا کی اور ہر ایک نماز کی
واسطی وضو کری اور تبدیل پنبہ اور خرقہ او تطہیر کری اور جو عورت کہ ان افعالونکو
بجالاوی حکم اوسکا حکم پاک اور طاہر کا ہی **فصل چوتھی** بیچ بیان غسل نفاس

کی ہی اور وہ خون بعد ولادت کی آتا ہی یا ساتھہ مولود کی اور حکم اوسکا حکم حائض
کا ہی جمیع احکام مین مگر یہ کہ کمی اوسکے کی حد نہین ہی **فصل پانچوین**
بیچ بیان غسل میت کی ہی اور وہ واجب کفائی ہی یعنی بعضی آدمیونکی
متکفل ہونی سی سب سی واجب ادا ہوجاتا ہی اور وہ تین غسل ہین
پہلا غسل آب سدر کا یعنی بیر کی پتونکا دوسرا غسل آب کافور سی ہی
اس شرط سی کہ مضاف نہوجاوی تیسرا غسل آب خالص سی ہی
اور واجب ہے قبل غسل کی تطہیر بدنکی اور ازالہ نجاست کا اور کفن کرنا میت کا
بہی واجب کفائی ہی اور وہ تین چیزین ہین پہلی لنگ دوسری پیراہن
تیسری سرتاسری اور زیادہ اس سی مستحب ہی اور حرام ہی کہ کفن حریر
محض کا ہووی اور پتیل ہو کہ بدن اوسکی اندر سی دکہائی دی خواہ مرد کی لئی ہو
اور خواہ عورت کی واسطی اور غسل چہونی میت کا واجب ہوتا ہی جب کہ
چہوی میت سی کسی عضو کو کہ اوسمین پیشتر حیات ہووی اور بعد مرنی کی
سرد ہوچکا ہووی اور احکام دفن کی بیچ خاتمہ کی بیان ہونگی انشا اللہ تعالے
باب چوتھا بیچ بیان احکام تیمم کی اور بیچ اوسکی چار فصلین ہین **فصل پہلی**
بیچ بیان احکام تیمم کی جانتو کہ تیمم اوپر دو قسم کی ہی واجب اور مستحب قسم پہلی

بیچ بیان تیمم واجب کی ہی مخفی نرہی کہ تیمم واجب ہوتا ہی واسطی اون اشیا کی
کہ جو مشروط بطہارت ہین مانند نماز واجب اور طواف واجب کی اور جو مانند
اسکی ہی اون چیزون سی کہ جو غسل اور وضو کی مقام مین بیان ہووین
جبکہ متعذر ہوی وضو اور غسل اور قسم دوسری بیچ بیان تیمم مستحب کی
ہی جانتو کہ سنّت ہی تیمم واسطی نماز سنت اور طواف سنّت کی کہ یہ دونو
جس وقت کہ وضو نہو سکی بغیر تیمم کی صحیح نہین ہو سکتی فصل دوسری
بیچ بیان اسباب تیمم کی مخفی نرہی کہ تیمم صحیح نہین ہی جب تک
کہ پانی پایا جائی اور اگر پانی ممکن ہوا اور ضرر کرتا ہو یا قیمت حسب حال اوسکی
سی زیادہ ہووی یا موجود ہووی اور اسباب اوسکی نہون کہ پانی کوئین سی
نکالی مانند رسّی کی اور یا خوف تشنگی کا ہوی کہ باعث ہلاکت کا ہوی
اور اگر عمداً جنب ہو تو اسمین اختلاف ہی اور احوط یہ ہی کہ غسل کری اور اگر
خوف جانکا ہو تو تیمم کری اور واجب ہی تلاش کرنا پانی کا چار طرف
جب پانی نہو پس اگر زمین ناہموار ہو بقدر مسافت ایک تیر کی اگر زمین ہموار
ہو تو بقدر مسافت دو تیر کی تلاش کری اور اگر پانی دور ہو اسقدر کہ اگر
تلاش کی واسطی جائی وقت نماز کا جاتا ہی تو واجب ہی اسوقت مین بھی تیمم

فصل تیسری بیچ بیان اون اشیا کی کہ تیمم اوپر اونکی جائز ہی اور اونمین سی خاک
خالص ہی کہ اوپر اوسکی تیمم کرنا بید غدغہ جائز ہی اور حرام ہی تیمم کرنا اوپر طلا اور نقرہ
اور سب معدنی چیزون کی اور اوپر سنگ کی باوجود اختیار کی اسمین اختلاف ہے
اور احوط یہ ہی کہ جب تک خاک خالص ممکن ہو تیمم سنگ پر نکری اور جائز نہین ہی
تیمم کرنا اوپر خاکستر کی اور اوپر خاک نجس کی اور مکروہ ہی تیمم اوپر زمین شورزار کے
جب کہ نمک اوپر اوسکی نہو اور اوپر ریت کی فصل چوتہی بیچ بیان کیفیت
تیمم کی واجب ہی بیچ تیمم کی نیت اور صورت اوسکی یہ ہی کہ دلمین خیال کری
کہ تیمم کرتا ہون مین بدلی وضو کی یا غسل کی واسطی مباح ہونی نماز کی اور واسطی خوشی
خدا کی اور اگر نیت مین بدلی وضو کی نہ کہی مضایقہ نہین ہی اور بعد نیت کی دونو ہاتہونکو
ماری خاک خالص پر اور پیشانی پر کہ جگہہ اوگنی بالونسی مسح کری شروع بینی تک
اور بند دست سی سر انگشتان تک اگر بدلی وضو کی ہو تو اوسمین ایک ضرب
واسطی پیشانیکی اور واسطی دونو بند دست کی ہی بنا بر مذہب مشہور کی اور احوط یہ ہی
کہ تیمم خواہ واسطی وضو کی ہو خواہ واسطی غسل کی درمیان ایک ضربی کی اور دو ضربے
کی جمع کری اور واجب ہی حکم نیت مین رہنا اتمام تیمم تک اور تیمم صحیح نہین ہے
قبل داخل ہونی وقت کی باب پانچوان بیچ بیان نماز کی ہی اور اس باب مین

چہہ فصلین ہین **فصل پہلی** بیان اعداد نماز مین اور وہ چہہ ہین پہلی نماز پنجگانہ
ہی دوسری نماز جمعہ اون شرطونسی کہ انشا اللہ تعالی بیان ہونگی تیسری
نماز عیدین ہی چوتہی نماز کسوف وخسوف یعنی سورج گہن اور چاند گہن
اور زلزلہ اور جو امور آسمانی کہ ڈرانی والی ہون مانند آندہی تاریک وغیرہ کے
پانچوین نماز طواف چہٹی وہ نماز کہ واجب ہوتی ہی واجب کرنی سے
مانند نذر وغیرہ کی اور نماز پنجگانہ سترہ رکعت ہین بیچ گہر کی نماز صبح دو رکعت
اور نماز مغرب کی تین رکعت اور نماز ظہر اور عصر اور عشا چار چار رکعت ہین
اور سفر مین گیارہ رکعت ہین سب دو دو سوای مغرب کی کہ تین
رکعت ہی **فصل دوسری** بیچ اوقات نماز کی مخفی نرہی کہ اول وقت
نماز ظہر کا زوال آفتاب سی مقدار چار رکعت تک وقت مخصوص نماز ظہر
کا ہی اور بعد اسکی مشترک ہی درمیان ظہر اور عصر کی مگر واجب ہی کہ ظہر کو
مقدم کرین اوس وقت تک کہ باقی رہی غروب آفتاب سی وقت
چار رکعت کا پس وہ وقت مخصوص ہی نماز عصر کی لئی پس ایسی وقت
مین پہلی نماز عصر کو بہ نیت ادا پڑہی اور ظہر کو بعد اوسکی قضا کری اور وقت
نماز مغرب کا غروب آفتاب سی مقدار ادای تین رکعت کی مخصوص ہی

اور بعد اسکی مشترک ہی درمیان نماز مغرب وعشا کی نصف شب تک
مگر یہ کہ باقی رہی وقت چار رکعت کا پس وہ مخصوص وقت نماز عشا کا ہی
پس ایسی وقت مین پہلی نماز عشا کو بہ نیت ادا پڑہی اور مغرب کو بعد اسکی
قضا کری اور وقت نماز صبح کا طلوع صبح صادق سی طلوع آفتاب تک ہی
فصل تیسری بیچ قبلہ کی اور وہ عین کعبہ ہی مع الامکان اور جو شخص
کہ دور قبلہ سی واقع ہو کافی ہی اوسکی واسطی سمت قبلہ کی اور واجب ہی
کہ رو بقبلہ پڑہی مع الامکان فصل چوتھی بیچ لباس مصلّی کی جائز نہین
ہی مردونکو حریر محض مین نماز پڑہنا اور پہنتا ہی مگر سنجاف کہ مقدار
تین انگشت کی ہووی اور واجب ہی ستر عورتین کا اگرچہ مکان تاریک
مین ہو اور اگر عمدًا ترک کری نماز باطل ہوگی اور بعضی علما نی کہا ہی کہ اگر
سہوًا بہی ترک کری باطل ہوگی فصل پانچوین بیچ مکان مصلّی کی
واجب ہی کہ مکان مصلّی کا مباح ہووی اور سجدہ جائز ہی اون چیزون پر
جو از قسم زمین ہووین یا زمین سی اوگی ہووین مانند گہاس اور پتّی
درختونکی بشرطیکہ کہاتی اور پہنتی نہ ہون فصل چھٹی بیچ اذان اور
اقامت کی فصلین یعنی کلمات اذان اور اقامت کی پینتیس ہین اذانکی

اٹھارہ اور اقامت کی سترہ اور صورت اوسکی یہ ہی اَللّٰهُ اَکْبَرُ
چار مرتبہ اور اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ دو مرتبہ اور اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ
دو مرتبہ اور حَیَّ عَلَی الصَّلٰوةِ دو مرتبہ اور حَیَّ عَلَی الْفَلَاحِ دو مرتبہ اور حَیَّ
عَلٰی خَیْرِ الْعَمَلِ دو مرتبہ اور اَللّٰهُ اَکْبَرُ دو مرتبہ اور لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ دو مرتبہ اور اقامت بہی اسی
طرحسی مگر یہ کہ دو تکبیر پہلی سی کم کری اور حَیَّ عَلٰی خَیْرِ الْعَمَلِ کی بعد دو مرتبہ قَدْ
قَامَتِ الصَّلٰوةُ کہی اور ایک مرتبہ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ کہی اور بعد فراغت اذان کے
سنت ہی کہ یہ دعا پڑہی اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ قَلْبِیْ بَارًّا وَّعَیْشِیْ قَارًّا وَّرِزْقِیْ دَارًّا وَّ
اَوْلَادِیْ اَبْرَارًا وَّعَمَلِیْ سَارًّا وَّاجْعَلْ لِّیْ عِنْدَ قَبْرِ رَسُوْلِكَ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ
وَاٰلِهٖ مُسْتَقَرًّا وَّقَرَارًا بِرَحْمَتِكَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ اور بیچ نماز کی پانچ رکن
ہین پہلی نیت دوسری تکبیرة الاحرام اور صورت اوسکی یہ ہی کہ اَللّٰهُ
اَکْبَرُ کہی اور جائز نہین ہی ترجمہ اسکا اور چھہ تکبیرین افتتاحیہ یعنی شروع
نماز کی پیش از تکبیرة الاحرام کی سنت ہین اور چاہی تو بعد تکبیر احرام کے
کہی اور چاہی تو تکبیر احرام کو درمیان انکی کہہ لی اور صورت اونکی یہ ہی
کہ تین بار تکبیر کہی اور یہ دعا پڑہی اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْمَلِكُ الْحَقُّ الْمُبِیْنُ
لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّیْ ظَلَمْتُ نَفْسِیْ فَاغْفِرْ لِیْ ذَنْبِیْ اِنَّهٗ لَا یَغْفِرُ

الذُّنُوبَ اِلّا اَنْتَ بعد اسکی تکبیر کہی اور یہ دعا پڑہی لَبَّیْکَ وَسَعْدَیْکَ
وَالْخَیْرُ فِی یَدَیْکَ وَالشَّرُّ لَیْسَ اِلَیْکَ وَالْمَهْدِیُّ مَنْ هَدَیْتَ لَا مَلْجَأَ
وَلَا مَنْجَا مِنْکَ اِلَّا اِلَیْکَ سُبْحَانَکَ وَحَنَانَیْکَ تَبَارَکْتَ
وَتَعَالَیْتَ سُبْحَانَکَ رَبَّنَا وَرَبَّ الْبَیْتِ الْحَرَامِ بعد اسکی ایک تکبیر کہی
اور بعد اسکی نیت نماز کی کری اور متصل اسکی تکبیرة الاحرام کہی اور صورت
نیت کی یہ ہی کہ قصد کری کہ نماز ظہر یا عصر یا مغرب یا عشا یا صبح کی پڑہتا ہون
واجب قُرْبَةً اِلَی اللّٰهِ اور یہ دعا پڑہے وَجَّهْتُ وَجْهِیَ لِلَّذِی فَطَرَ
السَّمٰوَاتِ وَالْاَرْضَ عَالِمِ الْغَیْبِ وَالشَّهَادَةِ عَلٰی مِلَّةِ اِبْرَاهِیْمَ وَدِیْنِ مُحَمَّدٍ
وَمِنْهَاجِ عَلِیٍّ حَنِیْفًا مُّسْلِمًا وَّمَا اَنَا مِنَ الْمُشْرِکِیْنَ اِنَّ صَلٰوتِی وَنُسُکِی
وَمَحْیَایَ وَمَمَاتِی لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ لَا شَرِیْکَ لَهٗ وَبِذٰلِکَ اُمِرْتُ وَاَنَا مِنَ
الْمُسْلِمِیْنَ تیسری قیام یعنی کہڑی رہنا ہی اور واجبات نماز سی قرأت ہی
کہ دو رکعت اوّل مین واجب ہی کہ سورۂ حمد اور ایک سورہ اور پڑہی
اور اسمین اختلاف ہی کہ دوسرا سورہ واجب ہی یا سنت احتیاط
یہ ہی کہ ترک نکری یہ حکم اوّل کی دو رکعت کا ہی اور بیچ رکعات اخیرہ کی
اختیار رکہتا ہی بیچ پڑہنی سورۂ حمد اور تسبیحات اربعہ کی اور صورت

تسبیحات اربعہ کی یہ ہی سُبْحَانَ اللہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَا اِلٰہَ اِلَّا اللہُ
وَاللہُ اَکْبَرُ ایک مرتبہ واجب ہی اور احتیاط یہ ہی کہ تین
مرتبہ پڑہی چوتہا رکوع ہی واجب ہی کہ بیچ ہر ایک رکعت کی
ایک مرتبہ رکوع کری اور واجبات رکوع پانچ ہین پہلی کج ہونا ہے
اوس قدر کہ ہاتہہ گہٹنو تک پہنچ سکین دوسری واجب ہی کہ بقدر ذکر واجب
کی ٹہری تیسری واجب ہی ذکر ایک مرتبہ اور صورت اوسکی یہ ہی کہ
سُبْحَانَ رَبِّیَ الْعَظِیْمِ وَبِحَمْدِہٖ پڑہی اور سنت ہی کہ تین مرتبہ کہی
یا زیادہ چوتہی واجب ہی سر اوٹہانا رکوع سی اور سیدہا کہڑا ہونا
اور سنت ہی کہ بعد کہڑی ہونیکی سَمِعَ اللہُ لِمَنْ حَمِدَہٗ پڑہی پانچوین قرار بیچ
حالت کہڑی ہونیکی اور پانچوین دونو سجدی اور اسمین چہہ چیزین واجب ہین
پہلی سجدہ کرنا اوپر سات اعضا کی اور وہ پیشانی اور دونو کف دست
اور دونو زانو اور دونو انگوٹہی پاؤنکی ہین دوسری واجب ہی کہ پیشانی
اوس پر رکہی کہ سجدہ اوسپر جائز ہو جیسا کہ مذکور ہوا تیسری واجب ہی
کہ جگہہ سجدہ کی برابر ہووی جگہہ کہڑی ہونی سی یا اونچی ہو بقدر چار اونگل کی
نہ زیادہ اسکی چوتہی واجب ہے کہ ذکر کہی اور وہ ایک مرتبہ واجب ہی

اور تین مرتبہ سنت اور صورت اوسکی یہ ہی سبحان ربی الاعلی وبحمدہ
پانچوین واجب ہی ٹہرنا بیچ سجدہ کی بقدر ذکر واجب کی چہٹی واجب ہی
سر اوٹہانا سجدی پہلی سی اور درست بیٹہنا اور سنت ہی استغفر اللہ
ربی واتوب الیہ پڑہنا اور واجب ہی بعد اسکی سجدہ دوسرا
بطور سجدۂ اول کی بجالانا اور پہر بعد اوسکی سر کا اوٹہانا اور سنت ہی
درست بیٹہنا اور سنت ہی وقت کہڑی ہونیکی یہ دعا پڑہنا بحول اللہ
وقوتہ اقوم واقعد اور سجدات قرآن پندرہ ہین چار انمین سی
واجب ہین چار سورونمین پہلا الم سجدہ دوسرا حم سجدہ تیسری والنجم
چوتہی اقرا اور باقی سنت ہین اور احتیاط یہ ہی کہ وقت سجدہ کی رو
بقبلہ ہو اور یہ ذکر پڑہی لا الہ الا اللہ حقا حقا لا الہ الا اللہ ایمانا
وتصدیقا لا الہ الا اللہ عبودیۃ ورقا سجدت لک یارب تعبدا
ورقا اور واجبات نماز مین سی تشہد ہی اور وہ واجب ہی بیچ نماز
دورکعتی کی ایک مرتبہ اور بیچ سہ رکعتی اور چہار رکعتی کی دو مرتبہ
اور صورت اوسکی یہ ہی کہ کہی اشہد ان لا الہ الا اللہ وحدہ
لا شریک لہ واشہد ان محمدا عبدہ ورسولہ اللہم

صلِّ علیٰ محمدٍ وآلِ محمد اور واجبات نماز مین سی بنا بر مذہب مشہور کی
سلام ہی اور صورت سلام کی یہ ہی اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ
وَرَحْمَةُ اللهِ وَبَرَكَاتُهُ اَلسَّلَامُ عَلَيْنَا وَعَلىٰ عِبَادِ اللهِ الصَّالِحِيْنَ
اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللهِ وَبَرَكَاتُهُ اور پہلا سلام
انمین سی سنّت ہی اور داخل تشہد ہی اور دوسرا واجب اور تیسرا
پہر سنت ہی اور اگر دوسری سلام کی جگہہ تیسرا سلام کہی تو بہی واجب ادا
ہو جائیگا اور مقام سلام کا آخر نماز ہی خواہ دو رکعت کی ہو خواہ چار
رکعت کی اور تکبیرین سنّتی ہر رکعت مین پانچ ہین ایک قبل رکوع کی
اور ایک قبل پہلی سجدی کی اور ایک بعد سر اوٹہانی کی اور ایک
پیش از دوسری سجدی کی اور ایک بعد اوسکی **باب چہٹا** بیچ بیان
باقی نمازونکی اور اوسمین کئی فصلین ہین **فصل پہلی** بیچ نماز جمعہ کی اور وہ
واجب ہی عوض نماز ظہر کی ساتہہ کئی شرطونکی پہلی رخصت امام
کی ہی بیچ وقت حضور اون حضرت کی بنا بر مذہب مشہور کی اور غیبت مین
اختلاف ہی کہ نماز جمعہ واجب عینی ہی یعنی نماز جمعہ پڑہنا بالتعین لازم ہی
اوسکی بدلی ظہر نہین پڑہ سکتا یا واجب تخییری ہی یعنی اختیار ہی کہ

چاہی نماز جمعہ کو پڑہی اور چاہی اوسکی بدلی نماز ظہر کو پڑہی اور افضل نماز جمعہ ہی
اور مشہور قول اخیر ہی اور ایک قول مین جمعہ اس زمانی مین ساقط ہی
اور یہ قول ضعیف ہی لیکن احوط یہی کہ بعد نماز جمعہ کی نماز ظہر کو بہ نیت قربت پڑہی
دوسری عدد اور اشہر یہ ہی کہ سات آدمی مع امام ہو وین تیسری پڑہنا
دو خطبونکا کہ مشتمل ہون اوپر حمد و ثنای الہی کی اور درود رسالت پناہی کے
چوتہی جماعت ہی یعنی واجب ہی کہ عدد مذکور جماعت سی پڑہین اور
صحیح نہین ہی پڑہنا نماز جمعہ کا تنہا تنہا پانچوین یہ کہ درمیان
دو نماز جمعونکی عرصہ ایک فرسخ کا ہووی اور مکروہ ہی سفر کرنا
جمعہ کو بعد صبح کی اور حرام ہی سفر کرنا روز جمعہ کو بعد دوپہر کی اور قبل نماز جمعہ کے
جسکی نزدیک جمعہ واجب عینی ہی اور سنت ہی کہ پہلی رکعت مین بعد حمد کی
سورۂ جمعہ پڑہی اور بعد فراغت قراءت کی سنت ہی قنوت پڑہنا
اور صورت اوسکی یہ ہی اَللّٰھُمَّ اِنَّ عَبِیْدًا مِنْ عِبَادِكَ الصَّالِحِیْنَ
تَمَسَّکُوْا بِکِتَابِكَ وَسُنَّةِ نَبِیِّكَ فَاجْزِھِمْ عَنَّا خَیْرَ الْجَزَآءِ
اور رکعت دوسری مین سورۂ منافقون پڑہی خواہ جمعہ پڑہی خواہ ظہر

فصل دوسری بیچ بیان نماز عیدین کی یعنی عید فطر و عید قربان اور یہ

واجب ہی ساتھہ شرائط مذکورہ کی جماعت سی ساتھہ دو خطبون کے
اور نیت قربت پر اس زمانی مین اکتفا کرنا بہتر ہی اور بدون جماعت کی
اگر تنہا پڑہی تو نیت سنت کی کری اور خطبونکو موقوف رکھی اور کیفیت
اسکی یہ ہی کہ بعد نیت اور تکبیرۃ الاحرام کی سورۂ حمد پڑہی اور بعد اسکی سورۂ
سبح اسم ربک الاعلی پڑہی اور تکبیر کہی اور یہ قنوت پڑہی اَللّٰھُمَّ
اَھْلَ الْکِبْرِیَاۤءِ وَالْعَظَمَۃِ وَاَھْلَ الْجُوْدِ وَالْجَبَرُوْتِ وَاَھْلَ الْعَفْوِ
وَالرَّحْمَۃِ وَاَھْلَ التَّقْوٰی وَالْمَغْفِرَۃِ اَسْئَلُکَ بِحَقِّ ھٰذَا الْیَوْمِ الَّذِیْ
جَعَلْتَہٗ لِلْمُسْلِمِیْنَ عِیْدًا وَلِمُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ ذُخْرًا وَمَزِیْدًا
اَنْ تُصَلِّیَ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَاَنْ تُدْخِلَنَا فِیْ کُلِّ خَیْرٍ اَدْخَلْتَ
فِیْہِ مُحَمَّدًا وَّاٰلَ مُحَمَّدٍ وَاَنْ تُخْرِجَنَا مِنْ کُلِّ سُوْۤءٍ اَخْرَجْتَ مِنْہُ مُحَمَّدًا
وَّاٰلَ مُحَمَّدٍ صَلَوٰاتُکَ عَلَیْہِ وَعَلَیْھِمْ اَجْمَعِیْنَ اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَسْئَلُکَ خَیْرَ
مَا سَاَلَکَ بِہٖ عِبَادُکَ الصَّالِحُوْنَ وَنَعُوْذُ بِکَ مِمَّا اسْتَعَاذَ مِنْہُ
عِبَادُکَ الْمُخْلِصُوْنَ اور بعد اسکی چہار تکبیر کہی اور بعد ہر ایک تکبیر کی یہ
قنوت پڑہی اور بعد پانچوین قنوت کی تکبیر رکوع کہہ کی رکوع کری اور
بعد اوسکی سجدہ ی کری اور رکعت دوسری مین بعد سورہ حمد کی سورہ

والشمس پڑہی اور چار قنوت بعد چار تکبیر کی پڑہی ہر قنوت بعد ہر تکبیر کی اور بعد چوتہی قنوت کی تکبیر رکوع کی کہہ کی رکوع کری اور سجدی کری اور تشہد اور سلام پہر پڑہی اور بعد اوسکی دو خطبی پڑہی

فصل تیسری

بیچ بیان نماز آیات کی اور وہ واجب ہوتی ہی جب کی کسوف یا خسوف ہووی اور وقت اوسکا شروع کسوف سی ہی انجلا تک اور واجب ہی کہ واسطی اور آفات آسمانی کی مانند آندہی سیاہ اور سرخ او زرد اور زلزلہ کی نماز پڑہی اور کیفیت اس نماز کی یہ ہی کہ نیّت کری اور تکبیرۃ الاحرام کہی اور اوسکی بعد سورۂ حمد پڑہی اور بعد اوسکی جو سورہ چاہ پڑہی اور رکوع کری اور بعد رکوع کی سر کو بلند کری اور پہر سورۂ حمد اور ایک سورہ اور پڑہی اور اسیطرح سی پانچ رکوع کری اور بعد پانچوین رکوع کی سَمِعَ اللّٰہُ لِمَن حَمِدَہُ کہی اور دو سجدی کری اور اسیطر رکعت دوسری پڑہی اور بعد اسکی تشہد اور سلام پہر پڑہی او بہتر ہی کہ اس نماز مین بڑی بڑی سورتین پڑہی اور سنّت ہی کہ قبل دوسری رکوع کی اور چوتہی اور چہٹی اور آٹہوین اور دسوین رکوع کی قنوت پڑہی

فصل چوتہی

بیچ بیان نماز اموات کی اور یہ واجب کفائی ہی اوپر اون

مسلمانونکی کہ جو اوسکی موت سی آگاہ ہوئی ہون اور واجب ہی کہ نماز
پڑہین اوپر مردہ شیعہ اثنا عشری کی کہ بالغ ہو بلکہ مزور ہی کہ نماز
پڑہین اوپر طفل شش سالہ کی اور جائز نہین ہی نماز پڑہنا اوپر خوارج
اور نواصب کی اور کیفیت اوسکی یہ ہی کہ نیت کری اسطرح سی کہ نماز پڑہتا
ہون مین اس میت پر واجب قُربَۃً اِلَی اللہِ اور بعد اسکی تکبیر کہی
اور یہ دعا پڑہے اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللہُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ
وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ اور بعد اسکی تکبیر دوسری کہے
اور یہ دعا پڑہی اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ
وَّارْحَمْ مُحَمَّدًا وَّاٰلَ مُحَمَّدٍ كَاَفْضَلِ مَا صَلَّيْتَ وَبَارَكْتَ وَتَرَحَّمْتَ عَلٰی
اِبْرَاهِيْمَ وَاٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ اور بعد اسکی تکبیر تیسری کہی
اور یہ دعا پڑہے اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِلْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ
وَالْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ الْاَحْيَاۤءِ مِنْهُمْ وَالْاَمْوَاتِ تَابِعْ بَيْنَنَا
وَبَيْنَهُمْ بِالْخَيْرَاتِ اِنَّكَ مُجِيْبُ الدَّعَوَاتِ اِنَّكَ عَلٰی كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ
اور بعد اوسکی تکبیر چوتہی کہے اور یہ دعا پڑہی اَللّٰهُمَّ اِنَّ هٰذَا
عَبْدُكَ وَابْنُ عَبْدِكَ وَابْنُ اَمَتِكَ نَزَلَ بِكَ وَاَنْتَ خَيْرُ مَنْزُوْلٍ بِهٖ

اَللّٰهُمَّ اِنَّا لَا نَعْلَمُ مِنْهُ اِلَّا خَيْرًا وَاَنْتَ اَعْلَمُ بِهٖ مِنَّا اَللّٰهُمَّ اِنْ كَانَ
مُحْسِنًا فَزِدْ فِيْ اِحْسَانِهٖ وَاِنْ كَانَ مُسِيْئًا فَتَجَاوَزْ عَنْهُ وَاغْفِرْ لَهُ
اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهُ عِنْدَكَ فِيْ اَعْلٰى عِلِّيِّيْنَ وَاخْلُفْ عَلٰى اَهْلِهٖ فِي الْغَابِرِيْنَ
وَارْحَمْهُ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ اور بعد اسکی تکبیر کہی پانچوین اور
اسی تکبیر پر نماز تمام ہوتی ہے اور اگر میّت عورت ہو تو بعد چوتھی
تکبیر کی اسطرحسی پڑہی اَللّٰهُمَّ اِنَّ هٰذِهٖ اَمَتُكَ وَابْنَةُ عَبْدِكَ وَابْنَةُ
اَمَتِكَ نَزَلَتْ بِكَ وَاَنْتَ خَيْرُ مَنْزُوْلٍ بِهٖ اَللّٰهُمَّ اِنَّا لَا نَعْلَمُ مِنْهَا اِلَّا
خَيْرًا وَاَنْتَ اَعْلَمُ بِهَا مِنَّا اَللّٰهُمَّ اِنْ كَانَتْ مُحْسِنَةً فَزِدْ فِيْ اِحْسَانِهَا
وَاِنْ كَانَتْ مُسِيْئَةً فَتَجَاوَزْ عَنْهَا وَاغْفِرْ لَهَا اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهَا عِنْدَكَ
فِيْ اَعْلٰى عِلِّيِّيْنَ وَاخْلُفْ عَلٰى اَهْلِهَا فِي الْغَابِرِيْنَ وَارْحَمْهَا بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ
الرَّاحِمِيْنَ اور اگر لڑکا ہو تو بعد تکبیر چوتھی کی یہ دعا پڑہی اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهُ
لَنَا وَلِاَبَوَيْهِ اَجْرًا وَفَرَطًا **فصل پانچوین** بیچ بیان نماز
نذر کی اور عہد کی اور قسم کی اور یہ نماز واجب ہوتی ہی جب کہ شرائط
نذر کی پائی جاوین یعنی صیغہ نذر کا پڑہا جائی اور نذر کرنی والا بالغ اور عاقل
اور مسلمان ہووی اور اگر عورت ہووی ضرور ہی اوسکو رخصت شوہر کے

اور صیغہ نذر کا یہ ہی کہ لِلّٰهِ عَلَیَّ اَنْ اُصَلِّیَ رَکْعَتَیْنِ مثلاً

فصل چھٹی بیچ بیان نماز سفر کی پوشیدہ نرہی کہ چار رکعتی سفر مین
دو رکعتی ہو جاتی ہی جب کہ پانچ شرطین پائی جائین پہلی اونین سی مسافت ہے
اور وہ آٹھہ فرسخ ہی اور حساب اہل ہند سی قریب چودہ کوس کی
ہوتی ہین دوسری قصد مسافت ہی یعنی پہلی سی ارادہ ہو کہ اسقدر مسافت
کو طی کریگا اور اگر مثلاً شکار کی پیچھی تعاقب کری اس خیال سی کہ جہان ملیگا
وہان توقف کرونگا اور آٹھہ فرسخ طی کر جای تو اسکا اعتبار نہین ہے
تیسری سفر کا مباح ہونا چوتھی کثیر السفر نہونا پانچوین یہ کہ بیچ اثنای
سفر کی بیچ وطن اپنی کی نہ پہنچی **فصل ساتوین** بیچ بیان جماعت کی
جانو کہ فضیلت اوسکی زیادہ اسی ہی کہ اس رسالہ مین بیان ہو مخفی نرہی کہ
جماعت مین ضرور ہی کہ امام شیعہ اثنا عشری عادل ہو اور مقتدی نیت
کری کہ پیچھی اس امام معین کی نماز پڑہتا ہون واسطی خوشی خدا کی اور
جماعت سنّت موکدہ ہی واسطی نماز پنجگانہ کی اور واجب ہی جماعت
بیچ نماز جمعہ کی اور عیدین کی ساتھہ شرطون اونہونکی کہ گذر چکین اور حرام ہے
نماز پڑہنا پیچھی مخالف مذہب اور مجہول الحال کی اور جائز نہین ہے

نماز پڑہنا پیچہی نابالغ اور عورت کی مگر عورتونکو پیچہی عورت کے نماز پڑہنا
جائز ہی جبکہ شرائط جماعت کی پائی جائین اور جائز نہین جماعت کرنا نماز ہای
مستحبہ مین مگر وہ نمازین کہ مستثنی ہین مانند نماز طلب باران کی اور
واجب ہی بجالانا ماموم کو ہر ایک واجبات نماز سی مگر قرائت حمد اور سورہ
اس واسطی کہ جائز نہین ہی ماموم کو قرائت کرنا پیچہی امام کی بلکہ قرائت
اوسکی کی تئین کان رکہہ کر سنی بیچ نماز ہای جہریہ کی اور نماز اخفاتیہ مین چپکی
چپکی سُبْحَانَ اللهِ کو پڑہی پہلی رکعتونمین اور تسبیحات اربعہ کی تئین پڑہی یعنی
سُبْحَانَ اللهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللهُ وَاللهُ اَكْبَرُ آخر کی رکعتونمین اور
اگر معلوم ہو کہ امام وضو سی نہین ہی بعد فراغت نماز کی لازم ہی امام کو
اعادہ اور ماموم کو احتیاج اعادہ کی نہین ہی اور اسیطرح سی اگر
معلوم ہوئی کہ امام رو بقبلہ نہتا یا کہ نیت نہین کی تہی یا فسق اوسکا اور
واجب ہی متابعت کرنا امام کی اور جائز نہین ہی جماعت اوسوقت مین
کہ کوئی چیز حائل ہوئی درمیان ماموم کی اور امام کی اسطرحسی کہ ماموم امام
کو دیکہہ نسکی اور یہی حکم ہی واسطی صفوف کی اور مضایقہ نہین ہی حائل ہونے
مین ایک صف کی دوسری صف کی لئی دیکہنی امام سی بلکہ اونکو دیکہنا

اگلی صف کا کافی ہے اور جائز نہین ہی کہ امام بلند ہووی ماموم سے مگر بقدر ایک
بالشت کی اور عکس اسکا جائز ہی اور اگر علم ہووی کہ یہ امام فاسق یا کافر ہی اور
عمداً نماز پڑہی پیچہی اوسکی نماز اوسکی باطل ہوگی اور اعادہ اوسپر واجب
ہوگا **فصل اٹھوین** بیچ بیان نمازہای سنتی کی اور وہ زیادہ اسی مین
کہ اس رسالہ مین بیان ہون مگر جو کہ اہم مین اونمین سی وہ بیان ہوتی مین
ازانجملہ نماز طلب باران ہی اور بجالانا اوس نماز کا جماعت سی افضل ہی
اور بہتر ہی کہ امام روز جمعہ خطبہ مین لوگونکو حکم کری واسطی توبہ اور انابت کی
اور بیان کری احکام اوسکی کی تیئین اور وہ یہ ہے کہ تین روز
بعد جمعہ کی روزہ رکہی اور بیچ روز سوم کی کہ روز دوشنبہ ہو صحرا کو جائی
اور اگر مکہ معظمہ مین ہووی اس نماز کی تیئین بیچ مسجد حرام کی بجالاوی اور
مستحب ہی کہ پا برہنہ ساتہہ خضوع اور خشوع کی استغفار کرتا ہوا صحرا کو جائی اور
بڑہیان اور لڑکی اور چارپاؤنکو لیجاوی اور لڑکونکو ماؤنسی جدا کری اور عورتین
جوان اور مخالفان مذہب کو ہمراہ نہ لیجاوی اور جوانونکو اور فساق کو بہی
نہ لیجائی اور موذن آگی آگی ہوئین اور وقت اذان کی تین بار الصلوٰۃ
کہین اور وقت اس نماز کا وقت نماز عید ہی اور وہ دو رکعت ہی

مانند نماز جمعہ کی اور بیچ قنوت کی یہ دعا پڑہی اَللّٰهُمَّ اسْقِ عِبَادَكَ وَبَهَائِمَكَ
وَانْشُرْ رَحْمَتَكَ وَاَحْيِ بِلَادَكَ الْمَيِّتَةَ اور جب نماز سے فارغ ہوئین تو امام
منبر پر جاوی اور ردا یعنی چادر کو اپنی اولٹ لی اور دو خطبہ پڑہی
اور جب خطبہ سی فارغ ہووی روبقبلہ ہو کر سو مرتبہ اَللّٰهُ اَكْبَرُ کہی اور بعد
اسکی منہ کو دہنی طرف کرکی سو مرتبہ سُبْحَانَ اللّٰهِ کہی اور بعد اوسکی
منہ کو بائین طرف کرکی لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ کہی اور بعد اسکی منہ کو طرف
آدمیونکی کری اور سو مرتبہ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ کہی اور سب آدمی بہی انہین اذکار
کی تئین جسطرح کہ مذکور ہوا کہین بآواز ہای بلند اور اسمین اختلاف ہی
کہ ان اذکار کی تئین قبل خطبہ کی بجا لائی یا بعد اوسکی اور بہتر یہ ہی کہ قبل بہی
اور بعد بہی ان اذکار کی تئین عمل مین لائی اور تضرع و زاری بہی درگاہ
باری مین بمناجات کرین اور دعائین پڑہین خصوصاً دعای حضرت امام
زین العابدین علیہ السلام کہ صحیفہ کاملہ مین مذکور ہی اور وہ یہ ہی اَللّٰهُمَّ
اسْقِنَا الْغَيْثَ وَانْشُرْ عَلَيْنَا رَحْمَتَكَ بِغَيْثِكَ الْمُغْدِقِ مِنَ السَّحَابِ
الْمُنْسَاقِ لِنَبَاتِ اَرْضِكَ الْمُونِقِ فِي جَمِيعِ الْآفَاقِ وَامْنُنْ عَلَى عِبَادِكَ
بِاِينَاعِ الثَّمَرَةِ وَاَحْيِ بِلَادَكَ بِبُلُوغِ الزَّهَرَةِ وَاَشْهِدْ مَلَائِكَتَكَ الْكِرَامَ

السَّفَرَةِ بِسَقْيٍ مِنْكَ نَافِعٍ دَائِمٍ غُزْرُهُ وَاسِعٍ دِرَرُهُ وَابِلٍ سَرِيعٍ عَاجِلٍ تُحْيِي
بِهِ مَا قَدْ مَاتَ وَتَرُدُّ بِهِ مَا قَدْ فَاتَ وَتُخْرِجُ بِهِ مَا هُوَ آتٍ وَتُوَسِّعُ بِهِ فِي
الْأَقْوَاتِ سَحَاباً مُتَرَاكِماً هَنِيئاً مَرِيئاً طَبَقاً مُجَلْجَلاً غَيْرَ مُلِثٍّ
وَدْقُهُ وَلَا خُلَّبٍ بَرْقُهُ اللَّهُمَّ اسْقِنَا غَيْثاً مُغِيثاً مَرِيعاً مُمْرِعاً عَرِيضاً
وَاسِعاً غَزِيراً تَرُدُّ بِهِ النَّهِيضَ وَتَجْبُرُ بِهِ الْمَهِيضَ اللَّهُمَّ اسْقِنَا
سَقْياً تُسِيلُ مِنْهُ الظِّرَابَ وَتَمْلَأُ مِنْهُ الْجِبَابَ وَتُفَجِّرُ بِهِ الْأَنْهَارَ
وَتُنْبِتُ بِهِ الْأَشْجَارَ وَتُرْخِصُ بِهِ الْأَسْعَارَ فِي جَمِيعِ الْأَمْصَارِ وَتَنْعَشُ بِهِ الْبَهَائِمَ
وَالْخَلْقَ وَتُكْمِلُ لَنَا بِهِ طَيِّبَاتِ الرِّزْقِ وَتُنْبِتُ لَنَا بِهِ الزَّرْعَ وَتُدِرُّ بِهِ الضَّرْعَ
وَتَزِيدُنَا بِهِ قُوَّةً إِلَى قُوَّتِنَا اللَّهُمَّ لَا تَجْعَلْ ظِلَّهُ عَلَيْنَا سَمُوماً وَلَا تَجْعَلْ
بَرْدَهُ عَلَيْنَا حُسُوماً وَلَا تَجْعَلْ صَوْبَهُ عَلَيْنَا رُجُوماً وَلَا تَجْعَلْ مَاءَهُ
عَلَيْنَا أُجَاجاً اللَّهُمَّ صَلِّ عَلَى مُحَمَّدٍ وَآلِ مُحَمَّدٍ وَارْزُقْنَا مِنْ بَرَكَاتِ السَّمٰوٰاتِ
وَالْأَرْضِ إِنَّكَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ اور انہیں سی نماز عید غدیر ہی اور وہ دو رکعت ہی
بیچ ہر ایک رکعت کی الحمد یکبار اور آیة الکرسی اور سورۂ قدر اور سورۂ احد
دس دس مرتبہ پڑہی اور وقت اس نماز کا قبل زوال سی ہی نیم ساعت
اور مستحب ہی کہ دعای طولانی کہ بیچ کتاب متہجد کی مذکور ہی پڑہی اور واسطے

طول کی بیچ اس رسالہ کی دعا کو ذکر نکیا اور بعد نماز کی حاجت کی تئین
طلب کری اور خطبہ اس نماز کا مانند نماز جمعہ کی قبل از نماز کی پڑہی اور
تنہا بہی پڑہ سکتا ہی **فصل نوین** بیچ بیان شکیات نماز کی جانتو
کہ اجزا نماز اوپر تین طرحکی ہین ایک واجب دوسری رکن تیسری سنت
اور واجب وہ چیز نماز مین ہی کہ اوسکی زیادتی اور کمی سی عمداً نماز باطل ہوجاوے
اور رکن وہ چیز نماز مین ہی کہ اوسکی زیادتی اور کمی سی عمداً خواہ سہواً نماز
باطل ہو جاوی مگر جماعت مین بعضی مقام مین زیادتی ضرر نہین رکہتی واسطے
متابعت امام کی مثل اسکی کہ قبل امام کی از روی سہو کی رکوع مین چلاجاوے
جب معلوم ہو کہ امام ابہی رکوع مین نہین گیا تو سر کو اٹہا لی اور پہر امام
کی ساتہہ رکوع مین جاوی یا امام کی ساتہہ رکوع مین گیا ہو اور قبل امام کے
سہو سی سر اوٹہالی اور جب معلوم ہووی کہ امام ابہی رکوع مین ہی پہر رکوع
مین جاوی اور اسی طرحسی حکم سجدیکا ہی اور سنت وہ چیز ہی کہ جسکی کم ہونی سے
اگرچہ عمداً ہو نماز باطل نہین ہوتی اور واجب نماز مین آٹہہ ہین موافق
مشہور کی پہلی اونمین سی نیت ہی اور دوسری تکبیرۃ الاحرام تیسری قیام
چوتہی قرات پانچوین رکوع چہٹی سجدی ساتوین تشہد آٹھوین سلام

اور مشہور درمیان علما کی یہ ہی کہ ان آٹھہ واجب مین سی پانچ رکن ہین
نیت۱ اور تکبیرة الاحرام۲ اور قیام متصل رکوع۳ اور رکوع۴ اور دونو سجدی۵
اور جانتو کہ آدمی کو نماز مین ان فعلونکی کرنی یا نکرنی مین کبہی یقین ہوتا ہی اور
کبہی ظن اور کبہی وہم اور شک اور سہو ہوتا ہی مخفی نرہی کہ یقین اوسکو کہتی ہین
کہ آدمی کو کسی چیز کی ہونی یا نہونی مین ایسا اعتقاد موافق واقع کی ہووی
کہ دوسری جانب کا شبہہ نرہی اور جس چیز کی ہونی یا نہونی مین دونو
خیال برابر ہون تو اوسکو شک کہتی ہین اور ایک خیال پر زیادہ کمان
جاتا ہو اور دوسری پر کم تو زیادہ کمان کو ظن کہتی ہین اور کم کو وہم اور سہو
اوسکو کہتی ہین کہ آدمی کسی کام کو غفلت مین کری یا ترک کری اور احکام
ان صورتونکی اوپر دو قسم ہین قسم پہلی بیچ احکام اجمالی کی اور
وہ یہ ہی کہ جب تو کسی رکن کو عمداً یا سہواً زیادہ یا کم کری تو نماز باطل ہوگے
یقینی مگر بیچ نماز جماعت کی جیسا کہ گذرا اور اگر کسی واجب کو سوای
رکن کی بہول کی زیادہ یا کم کری تو نماز نہین باطل ہوگی اور اگر جانکی کم کری
تو نماز باطل ہوگی قسم دوسری بیچ حکم تفصیلی کے اور جانتو کہ حکم یقین کا
یہ ہی کہ اوسکو اعتبار کری اور مانی عدد رکعت مین ہوی یا کسی فعل مین یا رکن مین

یا واجب مین ہووی اعتبار کری اور مان لیوی نماز صحیح رہیگی
یا باطل ہوگی جب کوئی ایک سجدہ کو یقینی بہولکی زیادہ کر جاوی تو اعتبار کری
اور مانی یعنی دل مین سمجہی کہ وہ زیادہ ہوا ہی اور اوسکا جو حکم شرع مین ہے
اوسپر عمل کری یعنی نماز کو صحیح جانی اور اسی طور سی نماز کو تمام کری اور
دو سجدہ سہو کی کری اور اگر جانی کہ ایک رکعت مین یقینی بہول کی چار سجدہ
کر گیا ہون تو اعتبار کری اوسکو اور مانی اور حکم اوسکا یہ ہی کہ نماز اوسکی
باطل ہی چہوڑ دی یعنی باقی کی تئین نہ پڑہی اور نئی سری سی نماز کو بجالاوی
اور حکم ظن کا یہ ہی کہ وہ مانند یقین کی ہی اور مثالین اوسکی مانند مثالین یقین کے
ہین اور اگر ظن اسمین ہووی کہ یہ پہلی رکعت ہی یا دوسری تو اوسکی ماننی مین اور
اعتبار کرنیمین علمانی اختلاف کیا ہی اور احتیاط یہ ہی کہ اوس نماز کو
موافق ظن کی تمام کری اور اعادہ بہی کری اور حکم سہو کا یہ ہی کہ جو کوئی
کسی رکن کو بہول کی یا جانکی زیادہ کری تو نماز اوسکی باطل ہو جاتی ہی بنابر
مشہور کی مگر نماز جماعت مین جیسا کہ گذرا کہ اگر زیادتی سہو سی ہو جاوی تو نماز نہین
باطل ہوتی اور اگر وہ بہولکی سی کسی رکن کو زیادہ کری جماعت مین تو ظاہر یہ ہے
کہ حکم اوسکا حکم سہو کا ہی اور احتیاط یہ ہی کہ نماز کو تمام کری اور پہر اعادہ کرے

اور اگر

اور اگر کسی واجب کو بھولکی زیادہ کری تو نماز باطل نہین ہوتی لیکن احتیاطاً
دو سجدی کری سہو کی اور اگر کسی رکن کو بھول جاوی اور محل اوسکا باقی نرہی
یعنی دوسری رکن مین داخل ہوا ہو یا ایسی افعال مین داخل ہوا ہو کہ اگر بھولی ہوئی
کو اونکی مقام مین پھر بجالاوی تو زیادتی رکن کی یا تاخیر رکن کی عمداً لازم
ہوتی ہو تو نماز اوسکی باطل ہوجاوی گی بنا بر مشہور کی اور اگر محل باقی ہووی
یعنی رکن دوسری مین داخل نہوا ہوئی تو اوسکو ساتھ مابعد اوسکی کی بجالاوی
نماز صحیح ہی اور حکم شک یہ ہی کہ جو کوئی کثیر الشک نہووی اور اوسکو
شک ہووی رکن یا واجب مین اور محل اوسکا باقی نہووی یعنی اور کسی واجب
مین داخل ہوا ہوئی تو اوسکو بجا نلاوی اور نماز کو اوسی طور سی تمام کری
اور اگر بخلاف اوسکی ہووی یعنی محل اوسکا باقی ہووی اور کسی واجب مین
دخل نہوا ہو تو اوسی بجالاوی نماز اوسکی اُن دونو صورت مین صحیح ہی
اور اگر شک کری عدد رکعتو نمین تو حکم اوسکا یہ ہی کہ اگر شک ہووی رکعتی مین
مانند نماز مغرب کی یا دو رکعتی مین مانند نماز صبح کی اور مانند اسکی یا شک کری
دو رکعت اول چار رکعتی مین تو یہ نمازین باطل ہوجاتی ہین بنا بر مشہور کی
اور اگر شک ہوئی بعد یقین دو رکعت پہلی کی تو اوسکی طرحین اور صورتین

کہ جاننا اونکا لازم ہی بلکہ بعضی عالمون نی کہا ہی کہ جو کوئی اونکو نجانی تو اوسکی
نماز باطل ہوتی ہی وہ پانچ ہین اور ظاہر یہ ہی کہ جو اون صورتونکی بہت
احتیاج ہوتی ہی تو اون صورتونکا جاننا ضرور ہی لیکن بغیر شک پڑنی کی نماز مین
خلل نہین ہوتا ہو پہلی طرح شک کی اونمین سی یہ ہی کہ شک دو اور تین مین ہو
اگر یہ شک پڑی قبل رکہنی سر کی دوسری سجدی مین تو نماز باطل ہوجاویگی
اور اگر بعد اوٹہانی سر کی دوسری سجدی سی ہوئی تو نماز صحیح رہتی ہی
بنا بر مذہب مشہور اور قوی کی پس حکم اسکا یہ ہی کہ بنا تین پر رکہی یعنی یہ خیال
کری کہ یہ رکعت تیسری ہی ایک رکعت اور پڑہکی نماز کو تمام کری اور دو رکعت
نماز احتیاط کی بیٹہہ کی یا ایک رکعت کہڑی ہوکی پڑہی مگر اظہر و اشہر یہ ہی
کہ اختیار رکہتا ہی بیچ رکعت احتیاط کی اس مقام مین کہ چاہی ایک رکعت
کہڑی ہوکی پڑہی اور خواہ دو رکعت بیٹہہ کی اور اگر یہ شک ہووی بعد
رکہنی سر کی دوسری سجدی مین اور قبل اوٹہانی سر کی اوس سی خواہ
ذکر کیا ہووی یا نہ کیا ہووی تو احتیاط یہ ہی کہ اوسی طرح سی کہ گذرا نماز کو
تمام کری اور نماز احتیاط کو پڑہ کی پہر نماز کو اعادہ کری اور دوسری طرح
شک کی اونمین سی یہ ہی کہ شک کری دو اور چار مین تو اگر یہ قبل رکہنی

سر کی دوسری سجدی مین ہووی تو یہان بہی نماز باطل ہوتی ہی اور اگر
اوٹہانی سر کی دوسری سجدی سی ہو تو نماز صحیح رہتی ہی چار پر بنا رکہکی
نماز کو تمام کری اور دو رکعت نماز احتیاط کی کہڑی ہوکی پڑہی اور اگر بعد رکہنی
سر کی دوسری سجدہ مین شک ہووی اور ذکر کہہ چکا ہووی یا نہین تو اظہر
یہ ہی کہ نماز اوسکی باطل ہو اور اعادہ نماز اوسپر واجب ہی اور تیسرے
طرح شک یہ ہی کہ شک کری دو اور تین اور چار مین پس اگر قبل رکہنی سر کے
ہووی دوسری سجدہ مین تو یہان بہی نماز باطل ہوتی ہی اور اگر بعد اوٹہانی سر کے
ہووی دوسری سجدہ مین تو نماز صحیح رہتی ہی چار پر بنا رکہکی نماز کو تمام کری
اور دو رکعت نماز احتیاط کی کہڑی ہوکی پڑہی اور اگر بعد رکہنی سر کی دوسری
سجدہ مین ہووی تو احتیاط یہان بہی یہ ہی کہ اوسی طرحسی نماز کو تمام کری اور چار رکعتین
احتیاط کی پڑہکی پہر نماز کو اعادہ کری اور چوتھے طرح شک یہ ہی کہ شک کری
تین اور چار مین تو اوس صورتمین نماز صحیح رہتی ہی خواہ یہ شک پڑی رکوع مین خواہ
قبل اوسکی یا سجدون مین یا قبل اوسکے چار پر بنا رکہکی نماز کو تمام کر کے
ایک رکعت نماز احتیاط کی کہڑی ہوکی پڑہی جیسا کہ اسکو کہا ہی اکثر نے
اور تخییر اظہر ہی یا دو رکعت نماز احتیاط کی بیٹہکی پڑہی لیکن بیٹہکی پڑہنا احوط ہے

اور پانچوین طرح شک کی یہ ہی کہ شک کری اسمین کہ یہ رکعت کہ مین اسمین وین
ہون چوتھی رکعت ہی یا پانچوین تو اس شک کی صورتین تین ہین پہلی صورت
اس شک کی یہ ہی کہ یہ شک پڑی قبل رکوع کی خواہ شروع قرأت مین
کیا ہو ہی یا نہین تو اس صورت مین نماز صحیح ہی چار پر بنا رکہہ کی بغیر رکوع کے
اور سجدونکی بیٹہہ کی اگر تشہد نہ پڑہا ہووی تو تشہد اور سلام پڑہ کی نماز کو تمام
کری اور دو رکعت نماز احتیاط کی بیٹہہ کی پڑہی اور اظہر تخییر ہی جیسا کہ گذرا
اور احتیاطاً دو سجدہ سہو کی کری اور دوسری صورت اس شک کی یہ ہی کہ یہ شک
پڑی بعد تمام کرنی دونون سجدونکی تو یہ نماز صحیح رہتی ہی تشہد پہڑہی اور سلام
پہڑہی اور دو سجدی سہو کی وجوباً کری اور تیسری صورت اس شک کے
یہ ہی کہ یہ شک پڑی بعد جانی رکوع کی اور آگی تمام کرنی دونون سجدونکی تو
اوس صورت مین عالمون نی اختلاف کیا ہی بعضی نماز کو باطل جانتی مین
اور ظاہر اخوند علیہ الرحمۃ کا قول یہ ہی کہ اگر اس رکعت کو تمام کری اور دو سجدے
سہو کی کری تو یہ اوسکو کفایت کری گا اور اگر ساتہہ اوسکی نماز کو پہر اعادہ
کری تو احوط ہوی گا اور یہ احتیاط واجب ہی اور اسی کو ترک نکری فائدہ
جانتو کہ سجدۂ سہو واجب ہوتی مین کئی چیزسی پہلی کلام ہی کہ نماز مین بی

قرآن کی کوئی اگر کلام کری بہولی سی تو اوسپر سجدہ ی سہو کی بعد نماز کی
واجب ہوتی ہین اور دوسری جب کہ شک کری چوتہی اور پانچوین
رکعت مین بعد اکمال دونون سجدہ ی کی تو اس صورت مین بہی سجدہ ی سہو کی
واجب ہوتی ہین تیسری سجدہ ی سہو کی واجب ہوئی ہین پہلی تشہد کی
بہولنی سی چوتہی سجدہ ی سہو کی واسطی بہولنی سجدہ وپہلی کی اوسوقت کہ بعد
رکوع کی یاد آوی ازروی احتیاط کی بجالائی پانچوین جب کے سلام کو
بہولسی بی موقع پہڑجاوی چہٹی جسوقت کہ بہولی سی کہڑا ہووی
بیٹہنی کی مقام مین اور بیٹہی کہڑی ہونی کی مقام مین تو اس صورتمین
بہی سجدہ ی سہو کی احوط مین ساتوین واسطی ہرایک کمی اور زیادتی
کی کہ نماز مین ہووی اسمین اختلاف ہی اور بہتر سجدہ ی سہو کا بجالانا ہی
آٹہوین اوس مقام مین کہ جہان شک ہو درمیان تین اور چار رکعت کے
اور ظن کا غلبہ ہو طرف رکعت چوتہی کی تو اس صورتمین ظن پر عمل
کرکی نماز کو تمام کری اور احتیاطاً سجدہ ی سہو بجالاوی نوین اوس مقام مین کہ شک
کری زیادتی اور کمی افعال نماز مین مانند اسکی کہ شک کری کہ تین یا ایک
سجدہ کیا ہی اور یہ بہی جانتا ہی کہ اسمین سی ایک چیز مجہسی صادر ہوی ہی

تو اس صورت مین بہی احتیاطاً سجدی سہو کی بجالاوی اور جانتو کہ کیفیت
سجدی سہو کی یہ ہی کہ پہلی نیت کری اور نیت اس سجدی مین واجب ہی
اور بعد اسکی سجدہ کری اور بعد اوسکی سلام پہیری اور مستحب ہی کہ اللہ اکبر
بعد نیت کی کہی اور بعد سر اوٹھانی کی اور ذکر اس سجدی مین واجب ہی
اور احوط یہ ہی کہ یہ دعا پڑہی بِسْمِ اللّٰهِ وَبِاللّٰهِ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ
اور آیا تشہد نماز اس سجدون مین چاہئی یا تشہد خفیف کافی ہی اسمین
اختلاف ہی اور ظاہر یہ ہی کہ دونو تشہد کافی مین مگر اختصار تشہد خفیف پر
احوط اور اولیٰ ہی اور صورت تشہد خفیف کی یہ ہی کہ اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ
اِلَّا اللّٰهُ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ
وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ اور کیفیت نماز احتیاط
کی یہ ہی کہ وہ نماز مانند نماز اصل کی ہی شرائط مین اور دل مین اوسکی
نیت اسطرح کری کہ ایک رکعت نماز احتیاط کی یا دو رکعت واسطی
شک کی کہ نماز ظہر مین مثلاً مجہسی ہوی تہی پڑہتا ہون واجب قربۃً الی اللّٰہ
اور بعد اوسکی اللہ اکبر کہی اور سورہ حمد کو پڑہی فقط اور سورہ دوسرا نہ پڑہے
اور عوض حمد کی تسبیحات اربعہ نہ پڑہی اور ظاہر یہ ہی کہ قنوت اسمین نہین ہی

اور احوط یہ ہی کہ اوسکو بہی فاصلہ بجا لاوی اور احوط یہ ہی کہ کوئی منافی
نماز کی بجا نہ لاوی اور اگر درمیان نماز اصل اور نماز احتیاط کے
یا اون اجزاء بہولی ہوئی کی کہ بعد نماز کی اونکی قضا چاہئی حدث کری تو چاہئی کہ
وضو کری اور اونکو بجا لاکی نماز کو پہر اعادہ کری اور جب کہ کوئی مبطلات
نماز مین سی سوا حدث کی عمل مین لاوی تو وضو درکار نہین ہی اون چیزونکو
بجا لاکی نماز کو پہر احتیاطاً اعادہ کری اور جانو کہ کثیر الشک اوس شخص کو
کہتی ہین کہ جسکو نماز مین بہت شک ہوتا ہو اور اوسکی معنو مین عالمون نے
اختلاف کیا ہی بعضی کہتی ہین کہ کثیر الشک اسکو کہتی ہین کہ جو تین نمازونمین
پہی در پہی شک کری یا ایک نماز مین تین بار اور اکثر عالمون نی یہ لکہا ہی کہ جسکو
عرف مین کہین کہ وہ بہت شک کرتا ہی وہ کثیر الشک ہی اور یہ
قول ترجیح رکہتا ہی اور پہر عالمون نی اختلاف کیا ہی اسمین کہ شک
کی کثرت خواہ وہ شک موجب تدارک کا ہو خواہ نہو باعث موقوف
ہونی احکام شک کی ہوتی ہی یا ویسی ہی شک کی زیادتی چاہیی کہ جسمین تدارک
مثل نماز احتیاط کی یا سجدۂ سہو اور مانند اسکی لازم ہووی آخوند علیہ الرحمۃ
نی اس مقام مین اشکال کی ہی اور احوط یہ ہی کہ اگر وہ شخص کثیر الشک ہو اون چیزونین

کہ تدارک نہین کہتی بعد گذرنی محل کے اور پہر شک کری ویسی مقام مین
کہ تلافی اوسکی چاہئی تو احکام شک پر عمل کرکی نماز کو اعادہ کری اور اگر
کثیر الشک شک کری کسی فعل مین تو اگرچہ وقت اوسکا باقی ہووی اوسکو
بجانلاوی اگرچہ رکن ہو اور اسی طرحسی اگر شک کری عدد رکعتو نمین تو زیادتی
پر بنا رکہی مگر یہ کہ کم صحیح ہووی تو کم پر بنا رکہی جیسا کہ شک کری نماز صبح مین
دو اور تین مین تو دو پر بنا رکہہ کی نماز کو تمام کری اور نماز احتیاط ایک رکعت
یا دو رکعت جہان کہ اور لوگون پر بسبب صورتون شک کی واجب ہوتی ہین
اس شخص پر واجب نہین ہوتی ہین اور جہان کہین کہ سجدہ سہو کا بسبب
شک کی واجب ہوتا تہا اس پر واجب نہین ہوتا اور کثیر الشک اگر احکام
شک پر عمل کری تو مشہور یہ ہی کہ یہ واسطی اوسکی خلاف شرع ہی اور
